نیویارک سٹی میں، عوامی رہائش گاہوں بشمول **نگہداشت صحت کی ترتیبات** میں کسی شخص کے جنسی رجحان، صنفی شناخت یا صنفی اظہار کی بنیاد پر امتیازی سلوک کرنا غیر قانونی ہے۔

آپ کو ذیل کا حق حاصل ہے:

1. آپ کے ساتھ **تمام** فراہم کنندگان اور **تمام** عملے کی جانب سے نگہداشت صحت کی **تمام** ترتیبات میں وقار، احترام اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ برتاؤ کیا جائے
2. آپ کو ہمدردانہ، رائے قائم کیے بغیراور جامع نگہداشت حاصل ہو جو صحت کی **تمام** خدمات کے لیے آپ کے جنسی رجحان، صنفی شناخت اور صنفی اظہار کا خیال رکھتی ہو
3. آپ کی صحت اور نگہداشت صحت کی ضروریات کے بارے میں فراہم کنندگان کے ساتھ باعزت گفتگو، بشمول آپ کی جنسی سرگزشت اور موجودہ جنسی زندگی
4. نگہداشت صحت کے تمام تعاملات میں آپ کی صنفی شناخت اور صنفی اظہار کو تسلیم کیا جائے، ان کی تصدیق کی جائے، اور یہ دستاویزی طور پر مصدقہ اور قابل قبول ہوں
5. فراہم کنندگان کی جانب سے آپ کی صحت کی معلومات کی درخواستوں کی مکمل وضاحتیں دی جائیں
6. آپ کو تمام طبی طریقہ کار اور خطرات کی واضح وضاحت دی جائے اور کسی بھی علاج کے انتخاب یا انکار کا حق حاصل ہو
7. آپ کو جنسی رجحان، صنفی شناخت اور صنفی اظہار کی بنیاد پر بغیر کسی امتیازی سلوک کے صحت بیمہ کوریج اور فوائد تک رسائی حاصل ہو
8. اگر آپ اپنے لیے طبی فیصلے کرنے سے قاصر ہیں تو منتخب کریں کہ یہ فیصلے آپ کے لیے کون کرے گا، اور اگر آپ نابالغ ہیں تو ان فیصلوں میں آپ کی آواز اور بہترین مفادات کے شامل کیے جانے کا حق
9. فیصلہ کریں کہ اگر آپ نگہداشت صحت کی سہولت میں داخل ہیں تو کون آپ سے مل سکتا ہے اور کون نہیں مل سکتا
10. پرائیویسی اور رازداری

LGBTQ

نگہداشت صحت کے حقوق کا بل

آپ کے جنسی رجحان، صنفی شناخت یا صنفی اظہار کی وجہ سے آپ کے ساتھ برا سلوک یا نگہداشت سے انکار کیا گیا؟
نیویارک سٹی کمیشن برائے انسانی حقوق میں شکایت درج کروانے کے لیے 311 یا 718-722-3131 پر کال کریں۔

اپنی نگہداشت صحت کے حقوق کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، nyc.gov/health/lgbtq ملاحظہ کریں۔

NYC Health

Urdu